**02-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................فرقان خان

---

**Music**

---

1۔ وزیرِاعظم مودی نے بھارت کو دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بنانے کے عزم کو دوہرایا ہے۔

2۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ ملک کی شمال-مغربی سرحدوں پر موجودہ صورتحال سے نمٹنے کا سیدھا طریقہ یہ ہے کہ فوجیں کارروائی نہ کریں اور اشتعال انگیزی سے باز رہیں۔

3۔ بھارت نے، چین کی طرف سے، اروناچل پردیش کی کچھ جگہوں کے نام بار-بار تبدیل کرنے پر اُس کی مذمت کی ہے۔

4۔ شام میں، ایران کے قونصل خانے پر اسرائیلی ہوائی حملوں میں، ایران کے پاسدارانِ انقلاب کے دو جنرلوں سمیت، کم سے کم گیارہ افراد ہلاک ہو گئے۔

5۔ اور، Judith Suminwa Tuluka، جمہوریہ کانگو کی پہلی خاتون وزیرِاعظم بنی ہیں۔

---

**Music**

---

اب خبریں تفصیل سے

## JAIPUR PM RALLY

جیسے جیسے پہلے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کا وقت قریب آرہا ہے، انتخابی مہم میں تیزی آتی جا رہی ہے۔ بڑی سیاسی پارٹیوں کے رہنما، اُن مختلف ریاستوں میں سرگرمی کے ساتھ مہم انجام دے رہے ہیں، جن میں یہ

پہلے مرحلے کے انتخابات ہونا ہیں۔

BJP نے، اپنی مہم، جنگی پیمانے پر شروع کر دی ہے۔ وزیراعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے آج راجستھان میں، کوٹ پُتلی کے قریب، پہلی انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ 2014 اور 2019 میں BJP نے، ریاست میں سبھی سیٹیں جیتی تھیں۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ محض عام انتخابات نہیں ہے، بلکہ یہ ترقی یافتہ بھارت اور ترقی یافتہ راجستھان کے انتخابات ہیں۔

یہ انتخابات، بھارت کو دنیا میں تیسری سب سے بڑی معیشت بنانے کے لیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ انتخابات، بدعنوانی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے، خودکفیل بھارت اور کسانوں کی خوشحالی کے تئیں عزم کے انتخابات ہیں۔x

## KARNATAKA AMIT SHAH

سینئر BJP رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے پارٹی کارکنوں سے کہا ہے کہ وہ ووٹروں تک پہنچیں اور اُنھیں وکست بھارت ایجنڈا کے بارے میں آگاہ کریں۔ بینگلورو میں آج پانچ لوک سبھا حلقوں کے شکتی پرمکھوں سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ BJP وکست بھارت کو فروغ دے رہی ہے جبکہ آئی این ڈی آئی اے انتخابی اتحاد، بدعنوانی کو بڑھاوا دے رہا ہے۔ جناب شاہ نے کارکنوں سے کہا کہ وہ عوام کو UPA دورِ حکومت کے 10 سال سے واقف کرائیں، جس کے دوران مبینہ طور پر 12 لاکھ کروڑ روپے کی بدعنوانی ہوئی تھی۔ ساتھ ہی عوام کو NDA دورِ حکومت کے 10 سال کی کارکردگی سے بھی واقف کرائیں، جس میں معیشت پانچویں نمبر پر پہنچ گئی اور 25 کروڑ افراد کو غربت سے نکالا گیا۔ x

## CONGRESS LS SEAT

کانگریس نے آج لوک سبھا انتخابات کے لیے 17 امیدواروں کی ایک اور فہرست جاری کی ہے۔ پارٹی نے سابق مرکزی وزیر ایم ایم پلّم راجو کو، کاکیناڈا لوک سبھا سیٹ سے جبکہ آندھرا پردیش کانگریس صدر وائی ایس شرمیلا ریڈی کو کڈپّا سے میدان میں اتارا ہے۔ پارٹی رہنما جے ڈی سِیلم، آندھرا پردیش میں Bapatla لوک سبھا سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔

سابق مرکزی وزیر طارق انور، بہار میں کٹیہار لوک سبھا سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔ امیر چند نائک، اڈیشہ میں کندھمال لوک سبھا سیٹ سے میدان میں اتریں گے۔

پارٹی نے آندھرا پردیش اسمبلی انتخابات کے لیے اپنے 114 امیدواروں اور اڈیشہ اسمبلی انتخابات کے لیے 49 امیدواروں کی فہرست بھی جاری کی ہے۔x

## CONGRESS EC MEET

کانگریس پارٹی کے ایک وفد نے آج نئی دلّی میں انتخابی کمیشن سے ملاقات کی اور ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں گمراہ کن اور تفرقہ پیدا کرنے والے اشتہارات پر روک لگانے کا مطالبہ کیا۔ ملاقات کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے سینئر کانگریس رہنما سلمان خورشید نے کہا کہ اُن کی پارٹی نے آندھرا پردیش میں جاری اسکیموں کے اشتہارات سے وزیر اعلیٰ کی تصویر ہٹانے کا معاملہ بھی اٹھایا۔ کانگریس نے انتخابی کمیشن سے گمراہ کن اور تفرقہ پیدا کرنے والے اشتہارات اور فرضی خبروں پر روک لگانے کیلئے ٹیکنالوجی کا استعمال کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔ x

## ARUNACHAL PRADESH CONG POLL MANIFESTO

کانگریس پارٹی نے آج اروناچل پردیش میں گیارہویں ریاستی اسمبلی اور 18 ویں لوک سبھا کے ایک ساتھ ہو رہے انتخابات کیلئے اپنا منشور جاری کیا۔ کانگریس کے انتخابی منشور میں بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کی گارنٹی، تمام سرکاری پرائمری اور ہائی اسکولوں کو رہائشی اسکولوں میں بدلنے، طلبا کے وظیفوں کو دوگنا کرنے، ہر ضلع میں سُپر اسپیشلٹی اسپتال قائم کرنے، قومی پنشن اسکیم NPS کو فوری طور پر ختم کرنے اور کانٹریکٹ اور ہنگامی بنیادوں پر کام کر رہے ملازمین کی خدمات کو مستقل کرنے کا وعدہ کیا گیا ہے۔ x

## AP ECI

بھارت کے انتخابی کمیشن نے تلنگانہ ریاستی اسمبلی اور پارلیمانی انتخابات سے پہلے آج ریاست کے چھ IPS اور تین IAS افسران کے تبادلے کا حکم جاری کیا ہے۔ چناؤ کمیشن نے ہدایت دی کہ تبادلہ کیے گئے افسران اپنے ماتحت افسران کو اپنی ذمہ داریاں سپُرد کریں۔ انتخابی کمیشن نے یہ بھی کہا کہ اِن افسران کو پارلیمنٹ اور ریاستی قانون ساز اسمبلی کے ایک ساتھ ہو رہے انتخابات کے اختتام تک انتخابات سے متعلق کوئی کام نہ دیئے جائیں۔ x

## EC TRANSFERS

انتخابی کمیشن نے آسام، بہار، جھارکھنڈ، اڈیشہ اور آندھرا پردیش میں ضلع مجسٹریٹ، سپرنٹینڈنٹ آف پولیس اورDIG، آئی جی زمرے کے پولیس آفیسروں کے تبادلے کا حکم جاری کیا ہے۔ کمیشن نے یہ فیصلہ کمیشن کی طرف سے لگاتار جائزے کے حصے کے طور پر کیا ہے۔ یہ فیصلہ اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار کی صدارت میں، انتخابی کمیشنروں گیانیش کمار اور سکھبیر سنگھ سندھو کی ایک میٹنگ میں کیا گیا۔ x

## BIHAR EC TRANSFER

بہار میں انتخابی کمیشن نے آج بھوجپور اور نوادہ کے ضلع مجسٹریٹ اور سپرنٹنڈینٹ آف پولیس کو فوری طور ان کے عہدے سے ہٹا دیا ہے۔ نوادہ کے ضلع مجسٹریٹ اور ایس پی کا تبادلہ بھی کر دیا گیا ہے۔ x

## EC MYTH VS REALITY

انتخابی کمیشن نے، 2024 کے عام انتخابات میں گمراہ کن معلومات پھیلائے جانے سے نمٹنے کے لیے مفروضوں اور حقیقت کو واضح کرنے کے لیے ایک رجسٹر کا آغاز کیا ہے۔ انتخابی ادارے نے، ایک بیان میں کہا کہ اِس پلیٹ فارم کو عام انتخابات کے دوران، اطلاع کی توثیق کرنے، گمراہ کن معلومات کو پھیلنے سے روکنے، مفروضوں کی پول کھولنے اور بنیادی معاملات کے بارے میں باخبر رہنے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔×

## RAJNATH COMMANDER CONFERENCE

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ شمالی سرحدوں پر موجودہ صورتحال سے نمٹنے کا سیدھا طریقہ یہ ہے کہ فوج، کوئی کارروائی نہ کرے اور کسی طرح کی اشتعال انگیزی سے باز رہے۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ جبکہ فوجیں اپنے مصمم ارادے کے ساتھ تعینات ہیں، ایک پُرامن حل کے لیے بات چیت کا سلسلہ بھی جاری رہے گا۔

نئی دلی میں آج، فوجی کمانڈروں کی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے، مغربی سرحدوں پر فوج اور حفاظتی دستوں کی کوششوں کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ ''ہائی برڈ جنگ'' سمیت غیرروایتی اور غیرمعمولی جنگی سامان، مستقبل کی غیرروایتی جنگوں کا حصہ ہوں گے۔

انہوں نے سِوِل صنعتوں کے اشتراک میں اعلیٰ ٹکنالوجی تیار کرنے پر فوج کی کوششوں کو سراہا۔ ×

## MEA ARUNACHAL PRADESH

بھارت نے، چین کی طرف سے اروناچل پردیش کی کچھ جگہوں کے نام بار بار تبدیل کئے جانے پر اُس کی مذمت کی ہے۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ نام تبدیل کرنے سے، اروناچل پردیش کی اِس حقیقت میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوگی کہ اروناچل پردیش، بھارت کا لازمی اور اٹوٹ حصہ ہے۔ بھارت کی طرف سے یہ جواب ریاست اروناچل پردیش میں جگہوں کے نام تبدیل کرنے کے چین کی اشتعال انگیز کارروائی کے تناظر میں دیا گیا ہے۔

کل وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا تھا کہ ناموں کو تبدیل کرنے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ انہوں

نے کہا کہ اروناچل پردیش بھارت کی ریاست تھی، ہے اور ہمیشہ رہے گی۔×

## MOCA VISTARA

شہری ہوا بازی کی وزارت نے پروازوں کی تاخیر کے سلسلے میں وستارا ایئر لائنس سے رپورٹ طلب کی ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ پروازوں کی منسوخی یا تاخیر کی صورت میں مسافروں کی سہولت کو یقینی بنانے کیلئے ایئر لائنس کو شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA کے ضابطوں کی تعمیل کرنا ہوگی۔

وزارت نے کہا کہ وہ وستارا پروازوں کی منسوخی کی صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے، اگرچہ پروازیں چلائے جانے کا کام، خود ایئر لائنس کی ذمہ داری ہے۔

اِس سے پہلے، کام کاج میں خامیوں کے سبب بہت سی پروازیں منسوخ کیے جانے کی اطلاعات ملی تھیں۔×

## SC SANJAY SINGH

سپریم کورٹ نے آج، عام آدمی پارٹی کے رہنما اور راجیہ سبھا کے ممبر پارلیمنٹ سنجے سنگھ کو، شراب سے متعلق ایکسائز پالیسی کے مبینہ گھوٹالے کے کیس میں، ضمانت دے دی ہے۔ جسٹس سنجیو کھنّا، جسٹس دیپانکر دتّہ اور جسٹس پرسّنا بی وارالے پر مشتمل ایک بنچ نے، ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ جناب سنگھ کو مقدمے کے التواء کے دوران رِہا کیا جا سکتا ہے۔ عدالت نے کہا کہ اب وہ اپنی ضمانت کی مدت کے دوران سیاسی سرگرمیوں میں بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ البتہ، وہ انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ کی تفتیش کے سلسلے میں عوامی سطح پر کوئی بیان نہیں دے سکتے۔

عدالت نے، یہ بھی کہا ہے کہ رہائی کی شرائط، نچلی عدالت طے کرے گی۔

عام آدمی پارٹی کے رہنما کو پچھلے سال اکتوبر میں گرفتار کر کے، دلی کی تہاڑ جیل بھیجا گیا تھا۔×

## MP NAXALITES

مدھیہ پردیش کے بالا گھاٹ ضلع میں تلاشی مہم کے دوران پولیس نے ایک جھڑپ میں دو ماؤنوازوں کو مار گرایا ہے۔ اِن میں سے ایک ماؤنواز پر 29 لاکھ جبکہ دوسرے پر 14 لاکھ روپے کا انعام تھا۔ وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے اِس مہم کو کامیاب بنانے والے سپاہیوں پر فخر کا اظہار کیا ہے۔ ڈاکٹر یادو نے کہا کہ یہ مدھیہ پردیش پولیس کی مستعدی کا نتیجہ ہے۔ وزیر اعلیٰ ڈاکٹر یادو نے مزید کہا کہ وہ ماؤنواز تحریک کو ہرگز پنپنے نہیں دیں گے۔ x

## SYRIA ATTACK

ملک شام کی راجدھانی دمشق میں آج، ایران کے قونصل خانے پر، اسرائیل کے فضائی حملے میں ایران کے پاسدارانِ انقلاب کے دو جنرلوں سمیت کم سے کم 11 افراد ہلاک ہوگئے۔

ایران کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ یہ حملہ غیرمعمولی تھا اور اُنہوں نے، اِس حملے کی سخت جوابی کارروائی کرنے کا عزم کیا ہے۔

سرکاری میڈیا کی خبروں کے مطابق، اِس حملے میں قدس فورس کے سینئر کمانڈر بریگیڈیئر جنرل محمد رضا زاہدی اور اُن کے نائب بریگیڈیئر جنرل محمد ہادی حاجی رحیمی بھی ہلاک ہوگئے ہیں۔

پاسدارانِ انقلاب نے کہا ہے کہ اسرائیل کے اِس فضائی حملے میں اُس کے 7 افسران ہلاک ہوگئے ہیں۔ ایران اور شام کی حکومتوں نے حملے کی مذمت کی ہے۔

شام کی وزارت دفاع نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اسرائیلی طیارے نے دمشق کے مغربی Mezzeh ضلعے میں واقع، قونصل خانے کی عمارت کو نشانہ بنایا۔ البتہ، اسرائیلی فوج نے، اِس حملے کا اعتراف نہیں کیا ہے۔ ایک فوجی ترجمان نے ایران پر الزام لگایا کہ اُس نے کل جنوبی اسرائیل میں ایک بحری ٹھکانے پر ایک ڈرون حملہ کیا تھا۔x

## EGYPT NEW PRESIDENT

مصر کے صدر عبد الفتاح السیسی نے آج ملک کے صدر کے طور پر تیسری مدت کیلئے حلف لیا۔ جناب السیسی نے گزشتہ سال دسمبر میں ہوئے صدارتی انتخابات میں 89 فیصد سے ووٹ حاصل کیے تھے۔ وہ سال 2030 تک صدر کے عہدے پر فائز رہ سکتے ہیں۔ ایک بیان میں جناب سیسی نے کہا کہ وہ ملک کے عوام کے مفادات کے تئیں مخلص رہیں گے۔ انھوں نے ایسے وقت میں جدید اور جمہوریت ریاست کی تعمیر کا وعدہ کیا ہے، جب مصر، شدید ترین معاشی بحران سے گزر رہا ہے اور کئی ارب غیر ملکی قرضوں کا سامنا کر رہا ہے۔ x

## CONGO FIRST FEMALE PM

جمہوریہ کانگو نے Judith Suminwa Tuluka کو افریقی ملک کی پہلی خاتون وزیر اعظم کے طور پر تقرری کی ہے۔ جمہوریہ کانگو کے صدر Felix Tshisekedi نے یہ تقرری کی ہے۔ اُنہوں نے پچھلے سال دوبارہ منتخب ہونے کے بعد اپنے ایک انتخابی وعدے کو پورا کیا ہے اور نئی حکومت تشکیل دینے کیلئے ایک اہم اقدام کیا ہے۔ حکام کو ملک کے مشرقی علاقوں میں گہرے ہوتے ہوئے تنازعے اور انسانی بحران سمیت متعدد چیلنجوں کا سامنا ہے۔ اِس کے علاوہ اُنہیں کانگو کے قابل ذکر معدنیاتی دولت کے بندوبست کے چیلنج کا بھی سامنا ہے۔ اپنی پہلی مدت کار

میں جناب Tshisekedi نے بدعنوانی کو جڑ سے اکھاڑنے، معیشت کی ازسرنو بحالی، عدم مساوات سے نمٹنے اور مشرقی علاقوں کے عدم تحفظ پر قابو پانے کا یقین دلایا تھا۔×

## SC PATANJALI

سپریم کورٹ نے آج، پتنجلی آیوروید، اِس کے مینیجنگ ڈائریکٹر آچاریہ بال کرشنا اور اِس کے ساتھی-بانی بابا رام دیو کی سخت مذمت کی ہے۔ اِن لوگوں کی مذمت گمراہ کن اشتہارات سے متعلق کیس کے تحت کی گئی ہے۔
جسٹس ہِما کوہلی اور احسان الدین امان اللہ پر مشتمل ایک بنچ، انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن کی طرف سے داخل ایک درخواست کی سماعت کر رہی تھی۔ یہ درخواست، پتنجلی کے اشتہارات میں، ایلوپیتھی طریقۂ علاج پر نکتہ چینی کرنے اور کچھ خاص بیماریوں کا علاج کرنے کے دعوؤں کے خلاف داخل کی گئی تھی۔ عدالت بال کرشنا کی طرف سے داخل کیے گئے حلف نامے سے مطمئن نہیں تھی اور اُس نے کہا کہ وہ فراہم کی گئی وضاحت کو قبول نہیں کرتی۔
عدالت نے آیوش کی وزارت سے بھی پوچھا ہے کہ اُس نے جدید طریقۂ علاج کی اہمیت کو کم کر کے دکھائے جانے والے اشتہارات کی بنیاد پر، پتنجلی کے خلاف کیوں کارروائی نہیں کی۔
سپریم کورٹ نے البتہ، رام دیو اور بال کرشنا کو ایک موقع اور دیا ہے کہ وہ ایک ہفتے کے اندر اندر حلف نامہ داخل کریں۔×

## FSSAI HEALTH DRING

بھارت کی، خوراک کی حفاظت اور معیارات طے کرنے والی اتھارٹی FSSAI نے، کھانے کی مصنوعات کے سبھی ای-کامرس کاروباریوں سے کہا ہے کہ وہ اپنی ویب سائٹس پر فروخت کی جانے والی سبھی خوردنی مصنوعات کی موزوں طریقے سے زمرہ بندی کو یقینی بنائیں۔ FSSAI نے کہا کہ ڈیری پر مبنی مرکب مشروبات، اناج پر مبنی مرکب مشروبات اور Malt پر مبنی مشروبات، صحت و توانائی بخش مشروبات کے زمرے کے تحت، اُن کی ای-کامرس ویب سائٹس پر فروخت کیے جا رہے ہیں۔
صحت کی مرکزی وزارت نے کہا کہ اتھارٹی نے وضاحت کی ہے کہ صحت بخش مشروب کی اصطلاح، خوراک کی حفاظت اور معیارات سے متعلق قانون اور ضابطوں کے تحت کہیں بھی واضح یا معیار کے مطابق نہیں ہے۔
اتھارٹی نے، خوراک کے کاروباری سبھی ای-کامرس آپریٹروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اِس طرح کے مشروبات کو اپنی ویب سائٹس پر صحت و توانائی بخش مشروبات کے زمرے سے ہٹا کر، اِس غلط زمرہ بندی کی، فوری طور پر تصحیح کریں۔

وزارت نے کہا کہ اِس اصلاحی کارروائی کا مقصد اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ صارفین، گمراہ کن معلومات کا سامنا کیے بغیر اور سوچے سمجھے طریقے سے، اپنی پسند کی چیز حاصل کرسکیں۔×

## TRAI BROADCASTING POLICY

بھارت کے ٹیلی کام انضباط کی اتھارٹی، TRAI نے آج قومی نشریات پالیسی 2024 ترتیب دینے کیلئے مشاورتی دستاویز جاری کیا۔ مواصلات کی وزارت نے کہا کہ نشریات کے شعبے میں کافی امکانات ہیں، جو بھارتی معیشت کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کرسکتے ہیں۔ وزارت نے مزید کہا کہ یہ مشاورتی دستاویز 30 اپریل تک شراکت داروں کی یہ رائے جاننے کیلئے تیار کیا گیا ہے اور یہ TRAI کی ویب سائٹ پر دستیاب کرایا گیا ہے۔ x

## IMD WEATHER

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے کرناٹک، اڈیشہ، مغربی بنگال، جھارکھنڈ، آندھرا پردیش اور پوڈوچیری کے کچھ حصوں میں شدید گرمی کے حالات پیدا ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

IMD نے تلنگانہ اور کرناٹک میں اگلے تین دن تک اور کرناٹک کے ساحلی علاقے، کیرالہ، تمل ناڈو، پڈوچیری اور ساحلی آندھرا پردیش میں اگلے پانچ دن تک گرمی اور حبس کے حالات جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

اس دوران شمال مشرقی بھارت میں 7 اپریل تک گرج چمک اور بارش کے حالات میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔ x

## JK SOPORE ARREST

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر میں پولیس نے سیکورٹی فورسز کے ساتھ مل کر آج بارہمولہ ضلع کے سوپور میں دہشت گردوں کے تین ساتھیوں کو گرفتار کیا ہے۔ حکام کے مطابق پولیس نے فوج کی 22 راشٹریہ رائفل اور CRPF کی 179 بٹالین کے ساتھ پھل منڈی کراسنگ پر واقع ایک مشترکہ چوکی پر تین مشکوک افراد کو موقع سے فرار ہونے کی کوشش کرتے ہوئے دیکھا۔ تاہم مشترکہ ٹیم نے، انہیں کسی نہ کسی طرح پکڑ لیا۔ تلاشی کے دوران، ان کے قبضے سے ایک پستول، موبائل فون اور دیگر قابل اعتراض مواد برآمد ہوا ہے۔ اسی دوران، سوپور پولیس اسٹیشن میں قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت ایک معاملہ درج کرکے تحقیقات شروع کردی گئی ہے۔×

☆☆☆☆☆